بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایمانِ باللہ اور ایمان بالرسول

قرآنِ مجید میں اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کا مشترکہ ذکر

(منتخب آیات)

محمد ﷺ

اللہ



مرتب: محمد ذیشان قادری الحسنی حنفی بریلوی

ایمان باللہ اور ایمان رسول بالرسول

مرتب: محمد ذیشان قادری الحسنی حنفی بریلوی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم

عنوان: ایمان باللہ اور ایمان بالرسول۔

مرتب: محمد ذیشان قادری الحسنی حنفی بریلوی۔

زیرِ سایہ: پیر محمد توقیر اقبال قادری حسنی نقشبندی سرکار۔

خاکِ پا: سلسلہ عالیہ قادریہ حسنیہ۔

تاریخِ تحریر: ذوالحجہ (1447ھ)، جون (2026ء)

صفحات: 04

ای میل: see.zee480@gmail.com

مطالعہ آن لائن: /https://archive.org

خانقاہِ اولیاء قادریہ حسنیہ انٹرنیشنل لاہور پاکستان

قرآنِ مجید میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا مشترکہ ذکر (منتخب آیات)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

پارہ 3

"پھر اگر ایسا نہ کرو تو یقین کر لو اللہ اور اللہ کے رسول سے لڑائی کا..."

سورۃ البقرہ (2:279): (سود خوری سے باز نہ آنے والوں کے لیے تنبیہ)۔

پارہ 4

"اور جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانے اسے اللہ جنتوں میں داخل کرے گا..."

سورۃ النساء (4:13):

"اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے اور اس کی حدوں سے بڑھ جائے، وہ آگ میں ڈالا جائے گا۔"

سورۃ النساء (4:14):

"اور جب ان سے کہا جائے کہ اللہ کی اتاری ہوئی کتاب اور رسول کی طرف آؤ، تو منافق منہ موڑ لیتے ہیں۔"

سورۃ النساء (4:61):

"جس نے رسول کا حکم مانا بیشک اس نے اللہ کا حکم مانا..."

سورۃ النساء (4:80):

"اور جو اپنے گھر سے نکلا اللہ و رسول کی طرف ہجرت کرتا، پھر اسے موت نے آلیا تو اس کا ثواب اللہ کے ذمہ پر ہو گیا۔" **سورۃ النساء (4:100):**

"اے ایمان والو! ایمان رکھو اللہ اور اس کے رسول پر..."

سورۃ النساء (4:136):

پارہ6

"اور جو اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں کو اپنا دوست بنائے تو بیشک اللہ ہی کا گروہ غالب ہے..."

سورۃ المائدہ (5:56):

پارہ9

"اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو اور ان سے منہ نہ پھیرو..."

سورۃ الانفال (8:20-21):

"اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کے بلانے پر حاضر ہو جب رسول تمہیں اس چیز کے لیے بلائیں جو تمہیں زندگی بخشے گی اور جان لو کہ اللہ کا حکم آدمی اور اس کے دلی ارادوں میں حائل ہو جاتا ہے اور یہ کہ تمہیں اسی کی طرف اٹھنا ہے۔" **سورۃ الانفال (8:24):**

"اے ایمان والو! اللہ اور رسول سے دغا نہ کرو..."

سورۃ الانفال (8:27):

پارہ10

"بیزاری کا حکم سنانا ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکوں کو جن سے تمہارا معاہدہ تھا اور وہ قائم نہ رہے۔..."

سورۃ التوبہ (9:1):

"مشرکوں کے لئے اللہ اور اس کے رسول کے پاس کوئی عہد کیونکر ہو گا مگر وہ جن سے تمہارا معاہدہ مسجد حرام کے پاس ہوا تو جب تک وہ تمہارے لیے عہد پر قائم رہیں تم ان کے لیے قائم رہو بیشک پرہیزگار اللہ کو خوش آتے ہیں۔..."

سورۃ التوبہ (9:7):

"لڑو ان سے جو ایمان نہیں لاتے اللہ پر اور قیامت پر اور حرام نہیں مانتے اس چیز کو جس کو حرام کیا اللہ اور اس کے رسول نے اور سچے دین کے تابع نہیں ہوتے یعنی وہ جو کتاب دیے گئے جب تک اپنے ہاتھ سے جزیہ نہ دیں ذلیل ہو کر۔..."

سورۃ التوبہ (9:29):

"اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ اس پر راضی ہوتے جو اللہ و رسول نے ان کو دیا اور کہتے ہمیں اللہ کافی ہے اب دیتا ہے ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اللہ کا رسول ہمیں اللہ ہی کی طرف رغبت ہے۔..."

سورۃ التوبہ (9:59):

"اور انہیں کیا برا لگا یہی نہ کہ اللہ و رسول نے انہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا تو اگر وہ توبہ کریں تو ان کا بھلا ہے اور اگر منہ پھیریں تو اللہ انہیں سخت عذاب کرے گا دنیا و آخرت میں اور زمین میں کوئی نہ ان کا حمایتی ہوگا نہ مددگار۔..."

سورۃ التوبہ (9:74):

"اور بہانے بنانے والے گنوار آئے کہ انہیں رخصت دی جائے اور بیٹھ رہے وہ جنہوں نے اللہ و رسول سے جھوٹ بولا تھا جلد ان میں کے کافروں کو دردناک عذاب پہونچے گا۔..."

سورۃ التوبہ (9:90):

"ضعیفوں پر کچھ حرج نہیں اور نہ بیماروں پر اور نہ ان پر جنہیں خرچ کا مقدور نہ ہو جب کہ اللہ و رسول کے خیر خواہ رہیں نیکی والوں پر کوئی راہ نہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔..."

سورۃ التوبہ (9:91):

پارہ 18

"تم فرماؤ اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو..."

سورۃ النور (24:54):

"ایمان والے تو وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے..."

سورۃ النور (24:62):

پارہ 21

"اور جب مسلمانوں نے کافروں کے لشکر دیکھے تو کہنے لگے یہ وہی ہے جس کا وعدہ ہمیں اللہ اور اس کے رسول نے دیا تھا..."

سورۃ الاحزاب (33:22):

"اور نہ کسی مسلمان مرد نہ مسلمان عورت کو پہنچتا ہے کہ جب اللہ اور رسول کچھ حکم فرمائیں تو انہیں اپنے معاملہ کا کچھ اختیار رہے..." **سورۃ الاحزاب (33:36):**

"بیشک جو ایذا دیتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو اُن پر اللہ کی لعنت ہے..."

سورۃ الاحزاب (33:57):

پارہ 26

"اے ایمان والو! اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو..."

سورۃ محمد (47:33):

"تاکہ (اے لوگو!) تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو اور صبح و شام اللہ کی پاکی بیان کرو..." **سورۃ الفتح (48:9):**

"اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو..." **سورۃ الحجرات (49:1):**

پارہ 28

"بیشک وہ جو اللہ اور اس کے رسول سے مخالفت کرتے ہیں وہی سب سے زیادہ ذلیل لوگوں میں ہیں..."

سورۃ المجادلہ (58:5):